the women's
the royal women's hospital


# ریٹینوپیتھی آف پریمچورٹی - ROP

ریٹینوپیتھی آف پریمچورٹی (ROP) آنکھوں کا ایک مسئلہ ہے جو بعض قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں کو متاثر کرتا ہے۔ جب ROP پیدا ہوتا ہے، تو یہ عام طور پر ہلکا ہوتا ہے اور بینائی کے کسی بھی مسئلے کا باعث بنے بغیر، ازخود ختم ہو جاتا ہے۔

## ROP کیا ہے؟

ROP آنکھوں کا ایک مسئلہ ہے جو ریٹینا کو متاثر کرتا ہے۔ ریٹینا آنکھ کے پچھلے حصے میں موجود وہ بافت ہے جو روشنی کو محسوس کرتی ہے۔ یہ دماغ کو سگنل بھیجتا ہے تاکہ ہم دیکھ سکیں۔

کچھ قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں میں ریٹینا کی خون کی نالیاں صحیح طریقے سے نشوونما نہیں پاتیں اور غلط سمت میں گرو کرتی یا بڑھ جاتی ہیں۔ اسے ریٹینوپیتھی آف پریمچورٹی یا ROP کہا جاتا ہے۔




## قبل از وقت پیدا ہونے والے پریمیچیور بچوں کو ROP کیوں ہوتا ہے؟

ہمیں نہیں معلوم کہ کچھ بچوں میں ROP کیوں پیدا ہوتا ہے اور دوسروں میں نہیں۔ لیکن ہم جانتے ہیں کہ جو بچے زیادہ بیمار اور چھوٹے سائز کے ہوتے ہیں ان کو اس کے ہونے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔

## آپ کیسے جان سکتے ہیں کہ آپ کے بچے کو ROP ہے؟

جب آپ کا بچہ ہسپتال میں ہو تو ماہر نرسیں اس کی آنکھوں کی جانچ کریں گی اور Retcam™ نامی خاص ڈیجیٹل کیمرے سے تصاویر لیں گی۔

ایک ماہر امراض چشم ان تصاویر کو دیکھے گا/ گی تاکہ معلوم ہو سکے کہ آپ کے بچے کو ROP ہوا ہے یا نہیں اور فیصلہ کرے گا/ گی کہ مزید جانچ کی ضرورت ہے یا نہیں۔

## ROP کے معائنے کے دوران کیا ہوتا ہے؟

تصاویر لینے سے تقریباً ایک گھنٹہ پہلے ہم آپ کے بچے کی آنکھوں میں قطرے ڈالیں گے۔ یہ قطرے آپ کے بچے کی پتلی (آنکھ کے بیچ میں بلیک اسپاٹ) کو بڑا کرتے ہیں۔ اس سے ہمیں ریٹینا کو واضح طور پر دیکھنے میں مدد ملتی ہے تاکہ ہم ROP کی جانچ کر سکیں۔

آپ کے بچے کی پلکیں کھلی رکھنے کے لیے ہمیں آئی ریٹریکٹر (eye retractor) نامی آلہ استعمال کرنا پڑتا ہے۔ اگرچہ یہ آپ کے بچے کے لیے کچھ تکلیف دہ ہو سکتا ہے، لیکن اس سے ہمیں بہترین تصاویر لینے اور معائنہ جلد مکمل کرنے میں مدد ملتی ہے۔

ہم آپ کے بچے کی آنکھ پر جیل لگائیں گے اور پھر ریٹینا کی تصاویر لیں گے۔

## کیا آپ کے بچے کو درد ہوگا؟

آپ کے بچے کو آنکھوں کی جانچ کے دوران تکلیف ہو سکتی ہے، لیکن ہم اس کی پریشانی کم کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔

ہم یہ کریں گے:

- شروع کرنے سے پہلے مقامی بے ہوشی کے قطرے ڈال کر
- آپ کے بچے کو لپیٹ کر
- انہیں سکروز (sucrose) دے کر۔
- مزید معلومات کے لیے فیکٹ شیٹ دیکھیں: 'سکروز (Sucrose) نوزائیدہ بچوں کو، درد سے نجات کے لیے

## اس میں کتنا وقت لگتا ہے؟

معائنہ عام طور پر تقریباً 5 منٹ لیتا ہے۔ اپنی معاون نرس کو بتائیں اگر آپ چاہتی ہیں کہ معائنے کے موقع پر وہ آپ کے ساتھ وہاں موجود رہے، تاکہ ہم انتظامات کر سکیں۔

## آپ کے بچے کا معائنہ کب ہوگا؟

ہم آپ کے بچے کی آنکھوں کی ROP کے لیے جانچ کریں گے اگر وہ 1250 گرام سے کم وزن یا 30 ہفتوں سے قبل پیدا ہوا تھا۔ ہم ہر 2 ہفتے بعد ان کا معائنہ جاری رکھیں گے، چاہے ROP کی کوئی علامات نہ ہوں۔ اگر ہمیں ROP کی نمایاں علامات نظر آئیں، تو پھر ہم ہر ہفتے معائنہ کریں گے جب تک کہ یہ ختم نہ ہو جائے۔ ROP کے لیے معائنہ اس وقت بند ہو جائے گا جب ریٹینا کی خون کی نالیاں مکمل طور پر نشوونما پا لیں گی۔ یہ عام طور پر تقریباً 40 ہفتوں پر ہوتا ہے یا جب آپ کا بچہ پیدا ہونے والا تھا۔

## معائنہ کے بعد کیا ہوتا ہے؟

ماہر امراض چشم تصاویر کا جائزہ لے گا/ گی ۔ اگر ضروری ہوا تو وہ آپ کے بچے کی آنکھوں کا دوبارہ معائنہ ophthalmoscope نامی آلے سے کریں گے۔ تمام آنکھوں کے معائنوں کے نتائج آپ کے بچے کے صحت کے ریکارڈ میں درج کیے جائیں گے۔

## اگر آپ کے بچے کو ROP ہو تو کیا ہوتا ہے؟

زیادہ تر معاملات میں ROP ہلکا ہوتا ہے اور بینائی سے متعلق کوئی مسئلہ پیدا کئے بغیر ازخود ختم ہو جاتا ہے۔
سنگین کیسز یا معاملات میں، طبی ٹیم یا ماہر امراض چشم آپ کے ساتھ علاج کے اختیارات پر بات کریں گے، جیسا کہ لیزر ٹریٹمنٹ یا خون کی نالیوں کی ایبنارمل گروتھ یا نشوونما کو سست کرنے کے لیے مخصوص انجیکشن۔

## ROP کے بارے میں آپ کس سے بات کر سکتے ہیں؟

آپ اپنے بچے کی دیکھ بھال کرنے والی نرسوں، ڈاکٹروں اور ROP نرسوں سے بات کر سکتے ہیں۔ اگر وہ آپ کے سوالات کے جوابات نہیں دے سکیں، تو وہ آپ کے لیے ماہر امراض چشم سے بات کرنے کا وقت طے کریں گی/گے۔

## کیا آپ کے بچے کو ہسپتال سے جانے کے بعد آنکھوں کی جانچ کی ضرورت ہوگی؟

آپ کے بچے کو آؤٹ پیشنٹ کلینک میں ROP کے معائنوں کے لیے واپس آنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے اگر ریٹینا مکمل طور پر نشوونما نہ پایا ہو۔ اگر یہ ضروری ہوا تو ہم آپ کو ہسپتال سے باہر جانے سے پہلے بتا دیں گے اور مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں گے۔

اگر آپ کا بچہ کسی دوسرے ہسپتال کے اسپیشل کیئر نرسری سے گھر جاتا ہے تو وہ ممکنہ طور پر آپ کے مقامی علاقے میں فالو-اَپ معائنہ کا بندوبست کریں گے۔ یہ معائنہ ROP کے علاوہ آنکھوں کے دیگر کسی بھی مسائل کی جانچ کرتا ہے جن کا علاج ضروری ہو سکتا ہے، جیسا کہ بہتر نظر کے لیے آئی-گلاسز کی ضرورت۔

ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ ایک سال کی عمر میں اپنے بچے کی آنکھوں کا آپتھلمالوجسٹ (ماہر امراض چشم) سے معائنہ کرائیں۔

جو بچے ہسپتال میں ROP اسکریننگ کروا چکے ہیں، انہیں ایک سال کی عمر میں میلبورن چلڈرنز آئی کلینک میں آنکھوں کے معائنے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ یہ کلینک The Royal Children's Hospital میں ہے۔

## مزید معلومات کے لیے

**Safer Care Victoria (ROP)**

Retinopathy of prematurity (ROP):
کلینکل رہنمائی - safercare.vic.gov.au

**The Royal Children Hospital**

ROP کیا ہے؟
rch.org.au/ophthal/patient_information/What_is_ROP

**The Royal Women's Hospital,**
**Newborn Intensive Care Unit**

20 Flemington Rd, Parkville VIC 3052
T: (03) 8345 3400

## کیا آپ کو ترجمان کی ضرورت ہے؟

Interpreter

اگر آپ کو ترجمان کی ضرورت پیش آجائے، تو آپ پوچھ سکتی ہیں۔

## فیملی وائیلنس سپورٹ

**1800 Respect نیشنل ہیلپ لائن**

اگر آپ کو جنسی زیادتی، گھریلو یا فیملی تشدد اور بدسلوکی کا سامنا ہوا ہو، تو آپ مدد حاصل کر سکتی ہیں۔
آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت کال کر سکتی ہیں۔
1800 737 732 1800respect.org.au

**ڈِیس کلیمر**: یہ فیکٹ شیٹ محض عمومی معلومات کی فراہمی کے لیے ہے۔ آپ، یا آپ کے بچے کی صحت کی ضروریات کے حوالے سے مخصوص مشاورت کے لیے، متعلقہ صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کریں۔
The Royal Women's Hospital اپنی صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کرنے کے بجائے، اس فیکٹ شیٹ پر مکمل انحصار کرنے کے باعث، کسی بھی ہونے والے نقصان یا خسارے کی، کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
اگر آپ کو، یا آپ کے بچے کو، فوری میڈیکل یا طبی توجہ درکار ہو، تو اپنے قریب ترین واقع ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔
© The Royal Women's Hospital 2024.